7 اکتوبر 2026ء

استیٹ بینک نے مالی شمولیت انڈیکس کے نتائج برائے 2025ء جاری کر دیے

بینک دولت پاکستان نے 2025ء کے لیے پاکستان مالی شمولیت انڈیکس (پی-ایف آئی آئی) کے نتائج آج جاری کر دیے۔ یہ اشاریہ، جو ملک میں مالی شمولیت کو جانچنے کا ایک جامع پیمانہ ہے، 59.5 ریکارڈ کیا گیا، جبکہ 2024ء میں یہ 58.1 تھا۔

اشاریہ کی مثبت نمو زیادہ تر ذیلی اشاریہ "استعمال" (Usage) میں خاطر خواہ اضافے کا نتیجہ ہے، جس کے بعد ذیلی اشاریوں "رسائی" (Access) اور "معیار" (Quality) میں بہتری دیکھی گئی۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مالی شمولیت کی قومی حکمت عملی 2024ء تا 2028ء کے تحت ڈجیٹل اقدامات کامیاب طریقے سے نافذ کیے گئے۔ اس کامیابی میں قابل ذکر عوامل "راست" مرچنٹ آن بورڈنگ اور پیمنٹ ایکو سسٹم، ڈجیٹل بینکوں کی آمد، اور اکاؤنٹ کھولنے کی مہمات ہیں۔ یہ پیش رفت صارف کی تربیت اور مالی خواندگی کے ذریعے مزید مستحکم ہوئی۔

****